تیرھویں چودھویں صدی ہجری میں ترتیب پانے والے اسلامی ادب کا آئینہ
پاک و ہند کے ۸۷۰ اہلِ قلم کی ۵۸۱۸ تصانیف کا اجمالی تعارف

مِرآۃُ التّصانیف

جلد اوّل

اضافہ شدہ ایڈیشن

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کے شعبہ تصنیف و تالیف کی طرف سے
پندرھویں صدی کے اہلِ تحقیق کیلئے علمی پیشکش

مرتبہ
مولانا حافظ محمد عبد الستار قادری سعیدی

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تیرھویں، چودھویں صدی ہجری میں ترتیب پانے والے اسلامی ادب کا آئینہ

پاک و ہند کے ۸۷۰ اہلِ قلم کی ۵۸۱۸ تصانیف کا اجمالی تعارف

جلد اوّل

اضافہ شدہ ایڈیشن

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کے شعبہ تصنیف و تالیف کی طرف سے

پندرھویں صدی کے اہلِ تحقیق کیلئے علمی پیشکش

مرتبہ

مولانا حافظ محمد عبدالستار قادری سعیدی

مکتبہ قادریہ
جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری دروازہ
لاہور

نام کتاب ـــــــ مرآۃ التصانیف

مولف ـــــــ مولانا حافظ محمد عبد الستار قادری سعیدی ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ

تقدیم طبع اول ـــــ مولانا محمد عبد الحکیم شرف قادری شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تعارف طبع اول ـــــ مولانا محمد صدیق ہزاروی مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تعارف طبع ثانی ـــــ مولانا محمد منشا تابش قصوری مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

ناشر ـــــــ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

صفحات ـــــــ ۳۲۰

باراول ـــــــ نومبر ۱۹۸۰ء / ذوالحجہ ۱۴۰۰ھ

باردوم ـــــــ ستمبر ۱۹۹۸ء / جمادی الاولیٰ ۱۴۱۹ھ

کتابت ـــــــ محمد یوسف قادری خوشنویس (مرحوم) محمد سلیم الٰہی طالب النوری

مطبع ـــــــ

قیمت ـــــــ

ملنے کے پتے

مکتبہ قادریہ: دربار مارکیٹ لاہور جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری دروازہ لاہور

مکتبہ تنظیم المدارس: جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری دروازہ لاہور

مکتبہ اشرفیہ: جی ٹی روڈ مُریدکے ضلع شیخوپورہ

اشاعتِ "مرآۃ التصانیف" پر

ہے مرآۃ التصانیف آج میرے سامنے، جس کو — قلمکارانِ پاک و ہند کا نقشِ وفا کہیے
ہے یہ تحقیق کا اِک لائق صد فخر سرمایہ — اسے اردو میں اسلامی ادب کا آئینہ کہیے
صدی جو پندرھویں[15] آئی ہے، اس کے خیر مقدم میں — برائے اہلِ دل ہدیہ مبارک باد کا کہیے
اگرچہ ہے یہ علمی پیش کش کا حصۂ اوّل — جو منصوبہ ہے، اُس کی ایک اچھی ابتدا کہیے
گزشتہ دو صدی میں چھپنے والے کام کا خاکہ — جسے تحقیق کی منزل کا واحد راستہ کہیے
تصانیف آ گئیں زیرِ نظر تالیف میں جن کی — عقیدے میں اُنہیں اک دوسرے کا ہمنوا کہیے
کیا تصنیف کے میدان میں جو اہلِ سُنّت نے — اِسے اُس کام کا مجمل سا گویا تذکرہ کہیے
حدیث و فقہ و سیرت میں، تواریخ و سیاست میں — برائے اہلِ تحقیق ایک تحفہ بے بہا کہیے
عرق ریزی، ژرف بینی نظر آتی ہے جو اس میں — اسے فاضل مؤلّف کا خلوصِ بے بہا کہیے
اگرچہ ایک[1] اجمالی تعارف[2] ہے کتابوں کا — مگر اس کام کو مشکل ترین، صبر آزما کہیے
حکیمِ اہلِ سُنّت[3] اور شرف ہیں رہنما ان کے — مؤلّف کو اگر منجملۂ اہلِ وفا کہیے
دیا ہے مفتی صاحب نے یہ تحفہ اہلِ سُنّت کو — انہیں دل سے مبارکباد دیجیے، مرحبا کہیے
قلم کاری اہم ہے، مان لیجیے عہدِ حاضر میں — جو قرطاس و قلم میں ربط ہے، اس کو بجا کہیے
چھپی فاضل مؤلّف کی جو تالیفِ لطیف، اِس کو — کرم غوث الوریٰ کا، شفقتِ احمد رضا کہیے
کیا جو کام مولانا نے یہ فہرست سازی کا — خلوصِ دل سے اے محمود اس پر مرحبا کہیے

راجا رشید محمود ۔ ایم ۔ اے

---

[1] حکیم محمد موسیٰ امرتسری [2] مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری [3] مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی

فہرست ابواب

تعارف مولانا حافظ محمد عبد الستار سعیدی مدظلہ

طبع ثانی

از: مولانا الحاج محمد منشا تابش قصوری

اہل سنت وجماعت کی معروف دینی درسگاہ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کو مدارس عربیہ میں جس طرح ایک مقام حاصل ہے اسی طرح جامعہ کے اساتذہ کا بھی ایک مقام ہے۔ یہاں کا ہر مدرس کسی نہ کسی انفرادی وصف سے متصف ہے۔ خصوصاً مولانا الحاج حافظ محمد عبد الستار سعیدی مدظلہ جامعہ کے مدرسین درس نظامی میں وہ واحد شخصیت ہیں جو ایک مستند عالم ہونے کے ساتھ حافظ قرآن بھی ہیں۔ جبکہ درس نظامی کے اساتذہ میں یہاں کا کوئی اور استاد حافظ قرآن نہیں[1]، البتہ شعبہ حفظ اور تجوید وقرأت کے تمام اساتذہ حافظ وقاری ہیں۔

سالار خاندان

مولانا حافظ عبد الستار سعیدی ایک ایسے خاندان کے چشم وچراغ ہیں جس کی دنیوی وجاہت شرافت تو کئی پشتوں سے مسلمہ چلی آرہی ہے۔ آپ کے آباؤ اجداد نے زمینداری کا پیشہ اپنایا۔ علاقہ بھر میں اس خاندان کو قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور باہمی تنازعات کے تصفیہ میں بھی اسی کی طرف رجوع کیا جاتا ہے۔ مگر دینی علوم کیطرف اس خاندان کا زیادہ رجحان نہ تھا۔

مولانا حافظ محمد عبد الستار سعیدی سے پہلے اس خاندان کا کوئی فرد دینی علوم سے بہرہ ور نہیں ہوا۔ اس لحاظ سے آپ کا وجودِ مسعود خاندان کیلئے باعث فیوض وبرکات ثابت ہوا، کیونکہ آپ نے دنیوی تعلیم کے ساتھ ساتھ علوم وفنون اسلامیہ میں بھی دسترس حاصل کی۔ آپ کی دیکھا دیکھی خاندان کے اکابر نے اپنے بچوں کو دینی علوم کی راہ پر گامزن کیا۔ چنانچہ اس وقت آپ کے خاندان ذی وقار میں تیس ۳۰ سے زائد حافظ، قاری اور عالم موجود ہیں، جبکہ خاندان کے کئی بچے حفظ قرآن اور دینی علوم کی تحصیل میں مصروف عمل ہیں، اس لئے حافظ صاحب بلاشبہ خاندان کیلئے قابل تقلید مثال ثابت ہوئے ہیں۔ لہٰذا اس مناسبت سے آپ کو سالار خاندان کے لقب سے ملقب کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہوگا۔

ابتدائی حالات

مولانا الحاج حافظ محمد عبد الستار سعیدی ضلع راولپنڈی کے ایک معروف گاؤں گنگا نوالہ میں قیام پاکستان سے تقریباً دو سال بعد ۱۱ اکتوبر ۱۹۴۹ء کو جناب چوہدری شیر دل[2] بن چوہدری جعفر خان نمبردار مرحوم کے گھر پیدا ہوئے۔ قرآن کریم ناظرہ اور پرائمری تک اپنے ہی گاؤں میں پڑھتے رہے پھر حفظ قرآن کے لیے مدرسہ اعجاز القرآن جامع مسجد ٹھیکیداراں ڈھوک رتہ راولپنڈی

[1] یہ تعارف چند سال قبل لکھا گیا تھا۔ اب آپ کے تلامذہ میں سے تین حفاظ درس نظامی کے مدرس ہیں۔ تابش قصوری

میں داخلہ لیا اور حضرت مولانا صوفی کامل حافظ محمد یوسف صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ ، سے ۱۹۶۵ء میں حفظِ قرآن کی تکمیل کی ۔ بعدازاں ۱۹۶۹ء میں ڈی سی ہائی سکول چپکری ضلع راولپنڈی سے مڈل کا امتحان پاس کیا ۔ پھر آپ علومِ دینیہ کیطرف راغب ہوئے اور جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں داخلہ لیا ۔ حضرت مولانا گل احمد عتیقی صاحب سے فارسی ، صرف اور نحو کی ابتدائی کتب شرح جامی تک پڑھیں ، پھر ۱۹۷۲ء میں دارالعلوم احسن المدارس راولپنڈی میں داخل ہو کر حضرت مولانا علامہ محمد سلیمان صاحب چشتی رضوی سے موقوف علیہ کی تکمیل کی ، ساتھ ہی ۱۹۷۴ء میں سرگودھا بورڈ سے پرائیویٹ طور پر میٹرک کا امتحان پاس کیا ۔ ۱۹۷۴ء ہی میں دوبارہ جامعہ نظامیہ میں داخلہ لے کر منتہی کتب پڑھیں اور دورۂ حدیث شریف کے بعد جامعہ اور تنظیم المدارس کی سند حاصل کی ۔ آپ کے اساتذہ کرام میں ان علماء عظام کے نام نمایاں دکھائی دیتے ہیں ۔

شیخ الحدیث مولانا محمد مہر الدین جماعتی رحمۃ اللہ علیہ ، المتوفی ۱۹۸۷ء مدفون لاہور

استاذ العلماء مولانا مفتی محمد عبدالقیوم قادری ہزاروی : لاہور

حضرت علامہ مولینا محمد عبدالحکیم شرف قادری ، لاہور

شیخ الفقہ حضرت مولانا حسن الدین ہاشمی ، امریکہ

حضرت مولینا مفتی محمد سلیمان رضوی ، راولپنڈی

حضرت مولانا مفتی محمد گل احمد خاں عتیقی ، لاہور

حضرت مولانا محمد رشید نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ ، المتوفی یکم ستمبر ۱۹۹۷ء مدفون لاہور

عملی زندگی

یوں تو آپ کی زندگی عمل سے ہی عبارت ہے مگر فارغ التحصیل ہونے کے بعد جب انسان پر ذمہ داریوں کا بوجھ بڑھتا ہے تو اس وقت جس راہ پر وہ گامزن ہوتا ہے اُسے عملی زندگی میں قدم رکھنے سے تعبیر کیا جاتا ہے ۔ چنانچہ آپ نے زمانہ طالب علمی سے ہی عملی زندگی کا آغاز کر دیا تھا ۔ ۱۹۷۲ء میں جامع مسجد تازہ گل ڈھوک رتہ میں خطابت کے فرائض انجام دینے لگے ۔ اور آپ پر تعمیرِ سیرت و کردار کی راہیں کھلتی چلی گئیں ، تبلیغ کا آغاز ہوا ، چھ ماہ وہاں گزارے اور پھر جامع مسجد صوفی اللہ دین ڈھوک رتہ راولپنڈی میں دو سال تک خطابت و امامت کے مسند پر فائز رہے ۔ ۱۹۷۴ء سے ۱۹۸۴ء تک دس سال مسلسل جامع مسجد غوثیہ قلعہ گوجر سنگھ لاہور میں خطابت کے جوہر دکھائے اور ۱۹۸۴ء سے ۱۹۸۷ء کے آغاز تک جامع مسجد شو مارکیٹ شاہ عالم مارکیٹ لاہور میں خطابت فرمائی ۔ فروری ۱۹۸۷ء سے اب تک جامع مسجد مُسلم لاہور میں محکمۂ اوقاف کے تحت خطیب و امام کے منصب پر فائز ہیں ۔ جامع مسجد یا رسول اللہ ، گلشن راوی میں بھی ۱۹۹۰ء سے تاحال (۱۹۹۸ء تک) خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں ۔ خیال رہے کہ

آپ پہلے یہاں تقریر فرماتے ہیں بعدہٗ دوسرا خطاب مسلم مسجد لوہاری میں کرتے ہیں۔

اولادِ امجاد

حضرت حافظ صاحب مدظلہٗ کے دو بیٹے اور چار بیٹیاں ہیں۔ بڑا بیٹا جن کا نام محمد صدیق ہے۔ نہایت ذہین، قابل اور شرافت کا پیکر ہے، میٹرک کے بعد قرآن کریم حفظ کرنے کی طرف مائل ہوا، چند پارے یاد کئے بعدہٗ کتب دینیہ کی طرف راغب ہوا۔ اس وقت لاہور کی تاریخی مسجد "مسجد وزیر خان" کے سائے میں محکمہ اوقاف کے زیرِ اہتمام ایک مدرسہ میں مدرّس کی حیثیت سے مصروفِ خدمت دین متین ہے۔ چھوٹا بیٹا ایک سال سے نہایت بیمار ہے جس کے باعث والدین انتہائی صبر آزما مرحلہ سے گزر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جلّ وعلیٰ اپنے حبیب مکرّم صلی اللہ علیہ وسلّم کی رحمت کے صدقے اسے صحتِ کاملہ عاجلہ مرحمت فرمائے۔ بچیاں بھی علوم دینیہ کے حصول میں مصروف ہیں، مولیٰ تعالیٰ حافظ صاحب کو اولاد امجاد کی طرف سے سکون واطمینان کی دولت ابدی سے شاد کام رکھے۔

تلامذہ:

جنہیں روحانی اولاد سے موسوم کیا جاتا ہے۔ ان کی تعداد کا تعیّن کار دارد، بس یوں سمجھئے جب آپ استاذ الاساتذہ، استاذ الحفاظ ٹھہرے تو روحانی اولاد کا سلسلہ کہاں تک پہنچا ہے۔ اور پہنچے گا: واللہ تعالیٰ وحبیبہ الاعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم اعلم!

تدریس

۱۹۷۶ء سے جامعہ نظامیہ رضویہ میں تدریسی فرائض بااحسن وجوہ سرانجام دے رہے ہیں۔ پاکستان میں جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کو تعلیمی امور کی انجام دہی کے باعث خاص شہرت حاصل ہے۔ بلاشبہ اس معاملہ میں ناظم اعلیٰ مولانا مفتی محمد عبد القیّوم ہزاروی مدظلہ العالی کی انتظامی صلاحیت کو بڑا دخل ہے۔ مگر یہاں کے اساتذہ کرام کا آپس میں قلبی تعلق، ہر معاملہ میں بلا روک ٹوک کھل کر بات کرنا اور باہمی اتفاق واتحاد کی فضا کو فروغ دینا، طلبہ کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی ذہنی واخلاقی تربیت کرنا، یہ ایسے امور ہیں جن کے باعث جامعہ کو پاکستان کے دینی اداروں میں انفرادی مقام حاصل ہے ایک مربوط نظام کی کشش یہاں غیروں کو بھی لے آتی ہے اور اس سلسلہ میں مولانا حافظ محمد عبد الستار سعیدی کی کاوش دیگر اساتذہ سے سوا ہے۔ کیونکہ آپ نہ صرف جامعہ کے ایک قابل استاذ بلکہ جامعہ کے ناظم تعلیمات اور ناظم دار الاقامہ بھی ہیں۔ "بزم رضا" کے ہفتہ وار پروگراموں کے عملاً نگران اعلیٰ آپ ہی ہیں اور ماہانہ خصوصی پروگرام جو اردو، عربی وفارسی اور انگلش زبانوں میں ہوتے ہیں ان کو کامیابی سے چلانے کا سہرا بھی آپکے سر ہے۔

الغرض آپ ۱۹۷۶ء میں فارغ التحصیل ہوتے ہی جامعہ کے شعبہ تدریس سے منسلک ہو گئے اور آج ۱۹۹۸ء تک تقریباً ۲۳ سال ہو رہے ہیں، تدریسی وتعلیمی امور بڑی دانشمندی سے انجام دے رہے ہیں اور حقیقتاً ان کا اوڑھنا بچھونا جامعہ ہی ہے۔ اسلئے امید کیجا سکتی ہے کہ جامعہ سے ان کی وابستگی ہمیشہ رہے گی۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

کرم بالائے کرم

حفظِ قرآن کی نعمت، علوم وفنون اسلامیہ کی دولت اور پھر عملاً ہر شعبہ تبلیغ پر فائز ہونا یہ اللہ تعالیٰ کا آپ پر خصوصی فضل وکرم ہے۔ مگر کرم بالائے کرم یہ کہ آپ کو ۱۹۸۳ء میں حج وزیارت کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ اس سال حج جمعۃ المبارک کو ہوا جسے عام طور پر حجِ اکبر کہا جاتا ہے اور پھر مزید برآں ۱۹۹۶ء میں دوبارہ بصورتِ عمرہ حاضری نصیب ہوئی۔

ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء

بیعت

اسلاف بیعت کو بڑی اہمیت دیتے تھے۔ اس کی اصل کتاب وسنّت سے ماخوذ ہے اور یہی صراطِ مستقیم ہے۔ لہٰذا انعام یافتگان کی راہ پر چلتے ہوئے مولانا الحاج حافظ عبدالستار سعیدی نے بھی اپنے روحانی مشن کی تکمیل کیلئے اپنے پیرومرشد کا انتخاب کیا اور خوب انتخاب ہے۔ چنانچہ آپ ۲۲ اکتوبر ۱۹۷۹ء کو غزالیٔ زماں، رازیٔ دوراں حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی شاہ صاحب علیہ الرحمۃ کے دستِ حق پر بیعت ہوئے۔ عجیب اتفاق ہے کہ آپ کی روحانی زندگی کی ابتداء ماہ اکتوبر میں ہوئی جبکہ تیس ۳۰ سال قبل اکتوبر ۱۹۴۹ء میں آپ کی ظاہری زندگی کی ابتداء ہوئی تھی۔ یعنی آپ کی ولادت باسعادت اکتوبر میں ہوئی تو آپ کی عقیدت وارادت کا سورج بھی اکتوبر ہی کے مہینے میں طلوع ہوا۔

تصانیف

بہت کم انسان ایسے ہوئے ہیں جو متعدد صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں، یہاں موازنہ وتقابل پیش کرنے کی گنجائش نہیں، اس لیے اشارہ کر دیا۔ حافظ صاحب مُستند عالم، بہترین حافظ وقاری، قابل ومحنتی مدرّس، عمدہ خطیب، صوفی منش امام ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت پختہ ترین قلم کار بھی ہیں۔ ایک صاحب قلم کو جن اوصاف سے متصف کیا جاسکتا ہے ان میں یہ صفات عموماً زبان زدِ عام ہیں۔ محقق، مؤرخ، ادیب، مصنّف، مؤلف، مرتب، مصحّح، جامع، مترجم وغیرہ۔ اگر ان میں سے ایک ایک صفت کو لیا جائے اور حافظ صاحب کی شخصیّت پر منطبق کیا جائے تو بلا مبالغہ حافظ صاحب ان جُملہ اوصاف سے موصوف نظر آئیں گے۔ چنانچہ آپ نے تصنیف وتالیف اور ترتیب وترجمہ میں وقت کی قلّت کے باوجود نہایت عُمدہ کارنامے انجام دیئے ہیں۔ تدریس کے ساتھ ہی آپ نے تصانیف کا آغاز فرمایا۔ چنانچہ درج ذیل کتب آپ ہی کا قلمی شاہکار ہیں۔

۱۔ اعلیحضرت فاضل بریلوی کا سوانحی خاکہ — مطبوعہ بزمِ رضا لاہور ۱۹۷۶ء

۲۔ تعارف تصانیف علماءِ اہلِ سُنّت — مقالہ غیر مطبوعہ، یکصد علماءِ اہلسنّت کی پانچصد کتابوں کا تعارف ۱۹۷۶ء

۳۔ ترجمہ الاصول الاربعہ فی تردید الوہابیہ — تصنیف حضرت العلامہ خواجہ محمد حسن جان مجددی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ ۱۹۷۹ء

۴۔ مرآۃ التصانیف (جلد اوّل) — مطبوعہ مکتبہ قادریہ وحامد اینڈ کمپنی لاہور، ۱۹۸۰ء

۵۔ ترجمہ سنن نسائی — مطبوعہ حامد اینڈ کمپنی لاہور ۱۹۸۰ء

۶۔ تعارف اراکین سُنّی رائیٹر گلڈ — غیر مطبوعہ ۱۹۸۲ء

۷۔ نقشہ صرف (بصورت چارٹ) — مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور ۱۹۸۴ء

۸۔ صرف بھتراں اردو ۹۔ تعلیم المنطق ۱۰۔ نقشہ منطق

۱۱۔ نقشہ نحو ۱۲۔ مصنّفین صحاح ستّہ اور انکی شرائط ۱۳۔ مرآۃ التصانیف جلد دوم:

جہاں تک مذکورہ تصانیف کا معاملہ ہے وہ اپنی جگہ، مگر فتاویٰ رضویہ جدید کیلئے حضرت علامہ مفتی محمّد عبدالقیوم ہزاروی مدظلہ، کی معیّت میں شب و روز مصروف عمل ہیں۔ یہ اتنا بڑا کارنامہ ہے کہ جس پر حضرت مفتی صاحب اور آپ کو جتنا بھی خراج عقیدت و محبّت پیش کیا جائے، کم ہے۔

تحاریک میں حصّہ

مولانا حافظ عبدالسّتار سعیدی نے جس دور میں آنکھ کھولی وہ آزادی کا تازہ زمانہ تھا۔ تحریک پاکستان کی گونج سنائی دے رہی تھی، پاکستان دنیا کے نقشے پر نمودار ہوچکا تھا۔ تحریک ختم نبوّت ۱۹۷۴ء، تحریک نظام مصطفےٰ ۱۹۷۷ء کے وقت آپنے ایک مجاہد کے روپ میں باقاعدہ حصّہ لیا۔ جن کی تفصیل راقم السطور اپنی کتاب "تحریک نظام مصطفےٰ ۱۹۷۷ء اور جامعہ نظامیہ کا کردار" میں درج کرچکا ہے۔ آپکے کارناموں کو وہاں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ آپ نے اس تحریک میں قائدانہ کردار ادا کیا۔ علماء وطلباء جامعہ کو ہدایات دیں اور تحریک کو آخری دنوں تک چلایا۔ بعض مرحلے تو ایسے آئے کہ شہادت ہاتھ سے نکل گئی اور ساتھی جام شہادت نوش کر گئے۔ گولیوں کی بوچھاڑ میں حفاظ کرام جو شہید ہوچکے تھے اٹھایا اور مناسب مقام پر پہنچایا۔ اس دلدوز اور جان سوز منظر کی الفاظ میں تصویر کشی نہیں کی جاسکتی یہ آپ کا دل گردہ تھا کہ ایسے نازک ترین لمحات میں موت کو گلے لگایا، مگر موت نے آپ کا دفاع کیا، تحریک نظام مصطفےٰ میں آپ کو خاصے زخم آئے۔

تحریکِ نظامِ مصطفےٰ ﷺ

تحریکِ نظامِ مصطفےٰ ؐ میں شمولیت کی رُوئیداد سناتے ہوئے آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں تحریکِ نظامِ مصطفےٰ ؐ میں ابتداء سے انتہا تک مذہبی فرض سمجھ کر شریک رہا۔ پاکستان قومی اتحاد کی طرف سے اعلان ہوا کہ ۲۰ مارچ ۱۹۷۷ء کو بعد نمازِ عصر سنہری مسجد لاہور میں نظامِ مصطفےٰ کے نفاذ کیلئے جلوس نکالا جارہا ہے۔ چنانچہ نمازِ ظہر کے بعد مولانا محمد صدّیق صاحب ہزاروی کے ساتھ جلوس میں شرکت کا عزم لئے سنہری مسجد پہنچ گئے۔ مسجد کیطرف جانیوالے تمام راستوں پر پولیس کی بھاری تعداد موجود تھی۔ نمازِ عصر سے قبل ہی پولیس نے مسجد کی ناکہ بندی کر دی تھی۔ لوگوں نے احتجاج کیا تو جواباً پولیس نے آنسو گیس کا استعمال شروع کر دیا۔ چوک رنگ محل تک آنسو گیس نے عوام کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ تاہم پھر بھی ہم کسی نہ کسی طرح ہمت کر کے سنہری مسجد میں داخل ہو گئے، مقرّرین کے اظہارِ خیال اور نمازِ عصر کی ادائیگی کے بعد کلمہ طیبہ کا وِرد کرتے، نظامِ مصطفےٰ کے نعرے لگاتے مسجد سے باہر آ گئے۔ جلوس جب سنہری مسجد کے عقب میں مسجدِ ملک ایاز کے قریب پہنچا تو پولیس اور ایف ایس ایف کے دستوں نے بغیر کسی پیشگی وارننگ کے شرکاء جلوس پر بیدردی سے لاٹھی چارج شروع کر دیا۔ حتیٰ کہ وہ حضرات جو اپنی گرفتاریاں پیش کر رہے تھے وہ بھی اس تشدّد سے محفوظ نہ رہ سکے۔ تمام راستے مسدود تھے اور بے محابہ لاٹھی چارج جاری تھا۔ آہ و بکا کی آوازیں بلند ہو رہی ہیں۔ میں نے پانی والا تالاب کی طرف بڑھنے کی کوشش کی تو ادھر بھی پولیس مورچہ سنبھالے بیٹھی تھی۔ یہاں میرے جسم پر بھی ضربیں آئیں۔ اسی عالم میں سوہا بازار میں داخلہ کی کوشش کی تو میرے گھٹنے پر شدید لاٹھی لگی اور خون بہنے لگا۔ زخمی حالت میں لوہاری آیا اور ایک جرّاح سے مرہم پٹی کرائی، زخم کی شدّت کا اندازہ آپ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ تقریباً دو ہفتے تک نماز میں قعدہ نہ کر سکا۔

۳۱ مارچ ۱۹۷۷ء بعد نمازِ ظہر نظامِ مصطفےٰ کے نفاذ کیلئے علماء کرام نے جلوس نکالنے کا اعلان کیا۔ اس اعلان سے لوگ حیران تھے کہ علماء جلوس نکال رہے ہیں، پیپلز پارٹی کے چیلے چانٹے مذاقاً کہہ رہے تھے کہ حلوہ کھانے والے مولوی کیا خون دے سکتے ہیں۔ یہ محض ڈرامہ ہوگا۔ مگر چشمِ فلک نے دیکھا کہ اس تحریک کو علماء کرام کے جوش و جذبہ ایثار و قربانی اور خون نے ہی پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ الغرض اسباق سے فارغ ہو کر جامعہ نظامیہ کے گیارہ مدرسین اور ستّر طلباء کرام کا ایک پُروقار جلوس جامعہ نظامیہ سے شروع ہوا اور مسلم مسجد پہنچا۔ نمازِ ظہر کے بعد مقرّرین علماء کرام نے نظامِ مصطفےٰ پر روشنی ڈالی اور اس کے بعد ایک عظیم الشان جلوس کی ترتیب شروع ہوئی اور قواعد و ضوابط کے مطابق دو، دو عالمِ دین ٹولیوں کی صورت میں سڑک پر آئے تو انارکلی چوک میں پولیس نے راستہ روک لیا۔ بڑی کوشش کی گئی مگر پولیس نے جلوس کو راستہ نہ دیا۔ قائدین نے اعلان کیا کہ نمازِ عصر سڑک پر ادا کی جائیگی۔ اور ہر صورت میں جلوس یہاں سے گذرے گا، ابھی صفیں درست ہی کی تھیں کہ پولیس نے لاٹھیوں کا وحشیانہ استعمال شروع کر دیا متعدد علماء کرام زخمی ہو گئے۔ لوگ تیزی سے مسلم مسجد کی طرف پلٹے اور دیکھتے ہی دیکھتے مسجد بھر گئی۔ جہاں نمازِ عصر

ادا کی گئی اور طے پایا کہ جلوس شروع کیا جائے۔ اسی اثنا میں پولیس نے آنسو گیس کے شیل پھینکنا شروع کر دیئے اس زہریلی گیس کے لاتعداد گولے مسجد میں گرتے رہے۔ لوگ زخمی ہو کر تڑپنے لگے، اکثر بے ہوش ہو گئے، پولیس اور ایف ایس ایف جوتوں سمیت مسجد میں آ گھسی اور علماء کرام، ضعیف و ناتواں بزرگوں کی داڑھیوں کو نوچا اور ننگے جسم فرش پر گھسیٹا، قرآن پاک کی بے حرمتی کی۔ کمسن بچوں پر تشدد کیا اور بالائی منزل سے اٹھا اٹھا کر نیچے پھینکتے رہے مسجد کی صفیں اور فرش خون سے تر اور پانی کا تالاب سرخ ہو گیا اور بیسیوں کو قیدی بنایا گیا۔ یہ قیامت کا منظر تھا جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا مختصر یہ ہے کہ علماء کرام نے تن من دھن کی بازی لگا دی اور بھٹو شاہی کے تشدد کا خم ٹھونک کر مقابلہ کیا، ملک بھر میں اس سانحہ کے ظہور پذیر ہوتے ہی تحریک ایک نئے دور میں شامل ہو گئی، ملک اور بیرون ملک پاکستان کے ہر باشندے نے شدید نفرت کا اظہار کیا اور سخت مذمت کی، نام نہاد پنجاب اسمبلی کے پہلے اجلاس کے انعقاد کیلئے دھاندلیوں کے سبب منتخب ارکان کو ۹ اپریل ۱۹۷۷ء کو تاریخ دی گئی اور ادھر مرکزی قائدین پاکستان قومی اتحاد نے اعلان کر دیا کہ اسمبلی کا گھیراؤ کیا جائے۔ تحریک نظام مصطفےٰ کے فدائی پوری طرح مستعد تھے۔ اُدھر بھٹو صاحب اپنی پوری قوت کو میدان میں جھونک رہا تھا۔ ایف ایس ایف (فیڈرل سکیورٹی فورس) پولیس اور غنڈوں کے علاوہ طوائفوں کی بھی خدمات حاصل کر چکا تھا۔ ادھر قومی اتحاد کی اپیل پر علماء، وکلاء، طلباء، محنت کش تنظیمیں حتیٰ کہ خواتین سر دھڑ کی بازی لگانے کیلئے تیار تھیں چنانچہ ۹ اپریل ۱۹۷۷ء کو میں اپنے متعدد ساتھیوں کے ساتھ نسبت روڈ پر واقع مسجد نور میں علماء کرام کے جلوس میں پہنچا، جلوس کا مسجد سے برآمد ہونا تھا کہ آنسو گیس چھوڑ دی گئی اور جلوس کو تشدد کے ذریعے دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا۔ جلوس کا وہ حصہ جس میں بندہ بھی شامل تھا آگے بڑھتا ہوا بیڈن روڈ پر پہنچ گیا وہاں سے مال روڈ کی طرف نکلنے کی کوشش کی گئی مگر بھٹو شاہی کے درندے رکاوٹ بن گئے۔ یہاں مظاہرین نے باقاعدہ ایف ایس ایف اور پولیس کا ڈٹ کر مقابلہ شروع کر دیا۔ آنسو گیس کے بے تحاشہ استعمال کے باوجود لوگ ڈٹے ہوئے تھے۔ جب پولیس کو مقابلہ کی بھی تاب نہ رہی تو گولیوں کی بوچھاڑ کر دی، بے شمار افراد زخمی ہو کر گر پڑے جن کو ہم نے میو ہسپتال پہنچانے کا فرض ادا کیا۔ یہ سلسلہ شام تک بدستور جاری رہا۔ ظلم و بربریت کی انتہا ہو گئی۔ ہی وحشی انسان نے ہوس اقتدار کی خاطر نہ جانے اس روز کتنے گھروں کے چراغ گل کرا دیئے گئے۔ کتنے بچے یتیم ہوئے کتنی خواتین کا سہاگ لٹ گیا۔ کتنی مائیں اپنے فرزندوں کا راہ تکتی رہ گئیں۔ کتنے باپ بے سہارا ہو گئے اور کتنے سورج غروب ہو گئے مگر ظالم کا ہر وار پہلے سے تیز تھا۔

حضرت مولانا حافظ محمد عبدالستار صاحب نے اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے فرمایا۔ جب قومی اتحاد پاکستان کے قائد جناب پیر صاحب پگارا شریف نے تحریک نظام مصطفےٰ کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے یوم شہداء منانے کی اپیل کی وہ ۶ مئی ۱۹۷۷ء جمعۃ المبارک کا دن تھا۔ کرفیو کا ٹائم ڈیڑھ سے ساڑھے تین بجے تک تھا۔ میں

نے جامع مسجد نیلا گنبد میں نماز جمعہ کی ادائیگی کا ارادہ کیا اور ادھر چل پڑا۔ انار کلی چوک میں عاشقانِ مصطفٰے کا ہجوم فوج اور ایف ایس ایف کے دستوں سے جمعہ ادا کرنے کیلئے کہہ رہا تھا مگر فوجی نوجوان جواب دیتے، ہمیں اوپر سے حکم ہے کہ اس مسجد تک کسی بھی مسلمان کو جانے نہ دیا جائے۔ جاؤ کہیں دوسری مسجد میں جمعہ ادا کرو۔ اتنے میں مسجد سے اذانِ ثانی کی آواز بلند ہوئی، لوگ جذبات میں آ گئے اور پکار اٹھے کہ ہمیں نماز پڑھنے دو ورنہ گولی مار دو۔ اگر تمہیں افسرانِ بالا کا حکم ہے تو ہم احکم الحاکمین کے حکم کے پابند ہیں، اس پر فوج نے راستہ دے دیا اور لوگ مسجد میں پہنچ گئے۔ نماز با جماعت ادا کی گئی اور مسجد نعرہ تکبیر و رسالت سے گونج اٹھی۔ نظامِ مصطفٰے کے شیدائی نعرے لگا رہے تھے کہ ہمیں مارشل لاء کی کوئی پرواہ نہیں۔ اسی جذبہ صادقہ سے سرشار جب سڑک پر آئے تو فوجی موجود تھے۔ ان کے سامنے لوگوں نے کرتے اتار کر سینوں کو ننگا کر دیا اور ان کے قریب جا کر نعرے لگانے شروع کئے۔ پاکستان کا مطلب کیا ؟ "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ" نظامِ مصطفٰے زندہ باد ، اس پر متعین دستوں نے بغیر کسی کاروائی کے پیچھے ہٹنا شروع کر دیا۔ اور جلوس میو ہسپتال کی طرف نکل گیا۔ وہاں سے واپس انارکلی پلٹا، اس وقت تقریباً دس ہزار سے زائد شرکا جلوس تھے۔ جب جلوس لوہاری چوک کے قریب پہنچا تو فوجی نوجوانوں نے جلوس کو آگے بڑھنے سے روک دیا اور وارننگ دی کہ اگر کسی نے آگے بڑھنے کی کوشش کی تو اسے گولی سے اڑا دیا جائیگا۔ اس پر چند افراد جذبات کے عالم میں کرتے اتار کر سروں پر باندھتے ہوئے آگے بڑھنے لگے جن میں میں بھی شامل تھا۔ فوج نے جلوس کو روکنے اور منتشر کرنے کی خاطر سیٹیاں بجانی شروع کیں۔ ہاتھ کے اشارے سے ادھر ادھر بھاگ جانے کو کہا کچھ لوگ پیچھے رہ گئے مگر چند لوگوں کے ساتھ آگے بڑھتا رہا۔ آخر فوج نے زمین پر ایک لکیر کھینچی اور وارننگ دی کہ اس سے آگے بڑھنے پر گولی چلا دی جائے گی۔ مگر ہم اس جذبہ کی عملی تصویر بنے ہوئے تھے اور زبانِ حال سے پکار رہے تھے۔

یہ سر کٹ کر سرِ پائے محمدؐ لوٹتا جائے
اسے گر موت کہتے ہیں تو ایسی موت آ جائے

ہم کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے کراس کر گئے۔ پیچھے کھڑے جلوس نے بھی آگے بڑھنا شروع کر دیا۔ فوجیوں نے ایک اور لکیر لگائی، ہم اسے بھی پار کر گئے۔ پھر تیسری لکیر کھینچی گئی، اس کو عبور کیا جا رہا تھا کہ فوجیوں نے نشستیں سنبھال لیں اور فائر کھول دیا۔ ہم نے آگے بڑھنے کی کوشش کی تو حافظ آفتاب احمد کے جسم سے گولی پار ہو چکی تھی وہ لڑکھڑا کر گرا اور قبلہ رو ہو کر جامِ شہادت نوش کر گیا۔ میری نظر ابھی حافظ آفتاب احمد شہید پر ہی تھی کہ حافظ جلال الدین شہادت کا جام نوش کر چکے تھے جو میرے پیچھے چند گز کے فاصلے پر موجود تھے۔ میرے سر کے اوپر سے بیسیوں گولیاں گزر گئیں، بے شمار افراد زخمی ہو کر گرتے رہے۔ لوگوں نے انہیں میو ہسپتال

پہنچانا شروع کر دیا۔ سامنے حافظ جلال الدین کی پیشانی میں گولی لگی تھی اس کی لاش خون سے لت پت پڑی تھی۔ خوف وہراس کے مارے لوگ آگے نہیں بڑھ رہے تھے میں نے جرأت کی اور اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر قاری سراج احمد کی لاش کے پاس گیا سر کو سیدھا کیا۔ جو پہلے ہی قبلہ رُو تھا۔ اتنے میں ایک اور صاحب آگے آئے انہوں نے اس شہید کے بازوؤں کو تھاما۔ میں نے پاؤں کو سنبھالا اور کلمہ شہادت کا ورد کرتے ہوئے لاش کو اُٹھا لائے، ابھی چند گز کے فاصلے پر گئے تھے کہ دوکان پر کھڑے چند افراد نے ایک قدآدم بورڈ اتارا اور اس پر لاش کو رکھ کر میو ہسپتال پہنچایا گیا۔ قیامت تھی جو اس روز ہم پر گزری۔

تفصیل کیلئے دیکھئے راقم الحروف کی کتاب "تحریک نظام مصطفٰے اور جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور"

مرآۃ التصانیف

حضرت الحاج الحافظ علامہ مولانا محمد عبدالستار سعیدی مدظلہ کو اللہ تعالیٰ نے علم وعمل اور قلم کے بے پایاں انعامات سے بہرہ مند کیا ہے۔ حقیقت ہے جیسا کہ علم وقلم کو لازم وملزوم قرار دیا جاسکتا ہے اسی طرح ایک اچھے عالم کو قلم کی قوّت کا خوگر ٹھہرانے میں کوئی مضائقہ نہیں، قلم کی زینت علم ہی کی مرہون منّت ہے اور جو نہ صرف عالم ہو بلکہ علماء وفضلاء ادباء، قراء اور حفاظ کا بھی استاذ ہو اُسے بلاشبہ جانِ قلم تسلیم کرنا پڑے گا۔

چنانچہ میرے ممدوح حضرت علامہ سعیدی صاحب اس میدان کے بھی شہسوار ہیں۔ گذشتہ سطور میں آپ کی تصانیف آئینۂ نظر کر چکے ہیں۔ تاہم زیرِ نگاہ تصنیف لطیف "مرآۃ التصانیف" تاریخی نوعیت کی واحد کتاب ہے جسے آپ نے ۱۹۷۵ء میں قلمبند فرمایا۔ جس میں تیرھویں، چودھویں صدی ہجری میں پاک وہند کے ۸۷۰ سُنّی اہلِ قلم کی ۵۸۱۸ تصانیف کا اجمالی تعارف ہے۔ آپ کے اس کارنامہ کو پاک وہند کے علماء اہلسنت نے بنظرِ استحسان دیکھتے ہوئے خراجِ تحسین وتبریک پیش کیا۔

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری مدظلہ اپنے تاثرات تحریر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں "مولانا حافظ محمد عبدالستار قادری چشتی نے وسائل نہ ہونے کے باوجود یہ عظیم کارنامہ اپنی شب وروز محنت اور کاوش سے انجام دیا ہے جس پر وہ بلاشبہ مبارک باد کے مستحق ہیں، بلکہ ان کی یہ کوشش اس لائق ہے کہ انہیں یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹریٹ (پی۔ایچ۔ڈی) کی ڈگری دی جائے۔

علامہ محمد صدیق ہزاروی مدظلہ، آپ کے بارے میں یوں اظہارِ حقیقت فرماتے ہیں۔

"مولانا قادری صاحب ایک ذہین، محنتی، سنجیدہ اور درویش منش عالمِ دین ہیں۔ نوجوان فضلاء میں ایک امتیازی حیثیت کے مالک ہیں۔ اپنے مقصد سے جنون کی حد تک محبت اور لگن کا جذبہ ان میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے جس کا زندہ ثبوت مراۃ التصانیف کی ترتیب ہے۔ یہ بلاشبہ ان کی بلند ہمتی اور خلوص کا نتیجہ ہے۔"

جناب راجا رشید محمود ایم اے، مدیر لغت لاہور، مراۃ التصانیف پر اپنے خیالات کو نظم کا جامہ پہناتے ہوئے یوں گویا ہیں: ؎

عرق ریزی، ژرف بینی نظر آتی ہے جو اس میں
اسے فاضل مؤلف کا خلوص بے بہا کہیے
کیا جو کام مولانا نے فہرست سازی کا
خلوصِ دل سے اے محمود اس پر مرحبا کہیے

حضرت علامہ مولانا محمد گل احمد خان عتیقی مدظلہ تحریر فرماتے ہیں ــــــــــــ

"علامہ مولانا حافظ محمد عبدالستار سعیدی خطیب مسلم مسجد لاہور، جامعہ نظامیہ کے ناظمِ تعلیمات اور ہر دلعزیز مدرس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و انعام اور بڑی خوبیوں سے نوازا ہوا ہے۔ موصوف حلم و بردباری، خلوص و للہیت اور ایثار و ہمدردی کا پیکر اور بہترین منتظم ہیں۔ آپ بہترین خطیب، انتہائی محنتی اور تجربہ کار استاذ ہیں۔ تدریس و تبلیغ، خطابت اور جامعہ کی گوناگوں تنظیمی مصروفیات کے باوجود تصنیف و تالیف میں بھی آپ نے نہایت عمدہ کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔

(تعلیم المنطق، تلخیص المنطق)

حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی مدظلہ اپنے اس شاگردِ رشید اور جوہرِ قابل کو یوں دعائیں دے رہے ہیں "میری یہ دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا حافظ محمد عبدالستار سعیدی کو صحت اور تندرستی عطا فرمائے۔ تاکہ وہ درسِ نظامی میں طلباء کو مزید رہنمائی دے سکیں۔

علامہ سید شریف احمد شرافت نوشاہی علیہ الرحمۃ نے "مراۃ التصانیف" کی پہلی اشاعت پر ایک منظوم تاریخی قطعہ میں ان کلمات سے نوازا۔ ؎

بحمد اللہ کتابے مستطابے ‌ ‌ ‌ ز مراٰت التصانیف بزرگاں
ز تالیفِ جنابِ عبدِ ستار ‌ ‌ ‌ زہے آں حافظِ قرآن ذیشاں
تصانیفِ مقدس اہلِ سنت ‌ ‌ ‌ بیاں کردہ برائے اہلِ ایماں

شرافت جست از سالِ طباعت
بگفتا ہاتفش "مہرِ درخشاں"
۱۴۰۰ھ

اسی طرح محترم جناب ابوطاہر فدا حسین فدا، مدیر مہر و ماہ لاہور یوں گنگنائے ؎

جناب حافظ والا گہر کی یہ تصنیف
ہے اک مرقع تحقیق و فکر و فن کا نمو

الحمد للہ تعالیٰ ! "مرآۃ التصانیف" کا دوسرا ایڈیشن پیش نظر ہے۔ بہت سی تبدیلیوں کے علاوہ اساتذہ جامعہ نظامیہ کی تصانیف کو آخر میں بطور ضمیمہ شامل کیا گیا ہے[1]۔ پہلی اشاعت میں بعض تصانیف درج ہو چکی ہیں مگر پہلی اور موجود اشاعت کے درمیانی عرصہ میں جامعہ کے اساتذہ کرام نے قلمی میدان میں بہت وقیع کارنامے سرانجام دیئے ہیں جن کا بین الاقوامی سطح پر خوب اعتراف کیا جا رہا ہے لہٰذا مناسب سمجھا گیا کہ جدید کتب کو امتیازی حیثیت سے اجاگر کیا جائے تاکہ جامعہ نظامیہ رضویہ کے علمی و تصنیفی کارناموں سے اہل علم و قلم آگاہ ہو کر دعاؤں سے شاد کام کریں۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ بجاہ حبیبہ الاعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلّم اس کتاب کو شرف قبول سے نوازے اور اسکے دوسرے حصّہ کی اشاعت کا سامان مہیا فرمائے: آمین ثم آمین

محمد منشا تابش قصوری
مدرس جامعہ نظامیہ لاہور
خطیب جامع مسجد ظفر یہ مریدکے (پاکستان)

۸ ربیع الثانی ۱۴۱۹ھ
۳ اگست ۱۹۹۸ء

[1] یعنی اس وقت جو اساتذہ کرام جامعہ میں پڑھا رہے ہیں۔ ورنہ سابقہ و موجودہ تمام اساتذہ کرام کی تصانیف کا احاطہ کیا جائے تو ایک مستقل جلد تیار ہو جائے۔ تابش قصوری

علم صرف کے طلباء کیلئے انتہائی مفید اور آسان کتاب

تعلیم الصّرف

حافظ محمد عبد الستار سعیدی
ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

شائع کردہ
مرکزی دفتر تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان
جامعہ نظامیہ رضویہ' اندرون لوہاری گیٹ لاہور

تعلیم المنطق

حافظ محمد عبد الستار سعیدی
ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

ناشر
مرکزی دفتر تنظیم المدارس (اہل سنت) پاکستان
جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری دروازہ لاہور

تلخیص المنطق

حافظ محمد عبد الستار سعیدی
ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

مکتبہ قادریہ ۰ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پندرھویں صدی کے ان ارباب قلم کے نام جو قلم کی
طاقت و اہمیت کو کماحقہٗ محسوس کریں گے ۔ راہ تحقیق کی
مشکلات کا خندہ پیشانی سے استقبال کریں گے ۔
سلف صالحین کی روایات اور علمی و مذہبی ذخیرہ کا تحفظ کریں گے

ہدیۂ تشکر

مرآۃ التصانیف کی ترتیب و تدوین میں رئیس المحققین حضرت مولانا الحاج حکیم محمد موسیٰ امرتسری صدر مرکزی مجلس رضا، استاذی المکرم حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ، استاذی المحترم علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ نے خصوصی رہنمائی فرمائی۔ قدم قدم پر مفید تجاویز سے نوازا۔ مواد کی فراہمی بڑی دریا دلی سے کی۔ حتیٰ کہ اس کٹھن منزل تک پہنچنے میں کامیابی نصیب ہوئی۔ جامعہ کی طرف سے اس کی اشاعت حضرت مفتی صاحب مدظلہ، کا عظیم کارنامہ اور احقر پر کرم بالائے کرم کے مترادف ہے۔

مولانا علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری مدظلہ، نے نہ صرف ترتیب میں نگرانی فرمائی بلکہ بہت تحقیقی مقدمہ لکھ کر اسکے وزن و وقار میں گرانقدر اضافہ فرمایا۔ مولانا محمد صدیق صاحب ہزاروی زید مجدہ نے عدیم الفرصتی کے باوجود تعارف لکھا اور مولانا محمد منشا تابش قصوری سرپرست و مدرس شعبہ فارسی و ناظم شعبہ نشر و اشاعت جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور نے طبع ثانی پر تعارف لکھ کر راقم کی حوصلہ افزائی فرمائی اور کتاب کی دوبارہ اشاعت آپ ہی کی تگ و دو کا ثمر ہے۔ مولانا غلام فرید ہزاروی کا تعاون شامل حال رہا۔ ان تمام کرم فرما حضرات کی پیہم نوازشات پر ممنون ہوں۔ نیز جامعہ کے چند ہونہار طلباء جنکا مبیضہ کے نقل کرنے میں برابر قلم چلتا رہا انکے روشن مستقبل کیلئے دعاگو ہوں۔ مولیٰ تعالیٰ میرے جملہ معاونین و محسنین کو اپنے گوناگوں انعامات سے نوازے اور میرے لئے اس کتاب کو دارین کی کامیابی کا سبب بنائے۔

محمد عبدالستار قادری سعیدی۔ ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تعارف طبع اول

از: مولانا محمد صدیق ہزاروی

قلم کی اہمیت، ہر دور میں مسلّم رہی ہے بالخصوص آج کا دور تو صرف اور صرف اسی ذریعہ ابلاغ کا دور ہے۔ اس حقیقت کو سمجھے اور اس پر عمل پیرا ہوئے بغیر کسی بھی ذی شعور جماعت یا فرد کے لیے حصول مقصد میں کامیابی و کامرانی ناممکن ہے۔ مشاہدہ و تجربہ اس پر شاہد عدل ہے کہ جن لوگوں نے اس حقیقت کا کھلے دل سے اعتراف کیا وہ اپنے مقصد میں کامیاب و کامران ہوئے اگرچہ وہ، حق سے متصادم نظریات و خیالات کے حامل ہی کیوں نہ تھے۔

اہلسنت و جماعت نے دینِ اسلام کی ترویج و اشاعت اور مخالفین کی یورشوں سے اس کے دفاع کی خاطر ہر دور میں جو خدمات سرانجام دیں اس سے کوئی بھی غیر متعصب صرفِ نظر نہیں کرسکتا۔ تحریک آزادی ہو یا تحریک پاکستان، تحریک ختم نبوت ہو یا تحریک نظام مصطفٰے، میدان تقریر ہو یا تدریس، ہر مقام پر اس باوقار جماعت نے آوازِ حق بلند کی اور دنیوی لالچ یا مصائب کا خوف ان کے پائے استقلال کو متزلزل نہ کرسکا۔

اس کے باوجود صفحاتِ تاریخ ان کے کارناموں کی تفصیلات سے عاری ہیں۔ وجہ صاف ظاہر ہے کہ انہوں نے تبلیغ دین کا فریضہ محض خدمتِ اسلام کے جذبہ کے تحت ادا کیا اور نمود و نمائش سے کوسوں دور رہے۔ لیکن اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دشمن اپنی چال چلتا رہا۔ جھوٹے پروپیگنڈے کی مشینری تیز سے تیز تر ہوتی گئی۔ قلم کے غلط استعمال نے زہر ہلاہل کو قند بنا دیا۔ عظمتِ مقام مصطفٰے و ناموس صلحاء سے کھیلنے والے اسلام کے مبلغین شمار ہونے لگے، تحریک آزادی میں انگریز اور تحریک پاکستان میں ہندو سے وابستگی کے باوجود، آزادی وطن اور قیام پاکستان کا سہرا انہی کے سر باندھا گیا۔ اور اسی طرح پروپیگنڈے سے وہ میدان تصنیف و تالیف کے دہنی کہلائے اور علماء اہلِ سنّت کی علمی اور تحقیقی تحریرات تعصب کی دبیز تہوں کے نیچے دبا دی گئیں۔

الحمد للہ! اب کچھ عرصہ سے اہلِ سنت و جماعت نے وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے قلم کی اہمیت کا احساس کیا ہے اور اہلِ حق کی علمی و تحقیقی خدمات کو منظرِ عام پر لانے کے لیے اشاعتی ادارے قائم کئے ہیں مختلف موضوعات پر تحقیقی کام کے لیے قلمکاران اہلِ سُنّت کو سُنی رائٹرز گلڈ کی صورت میں ایک پلیٹ فارم پر جمع کر دیا گیا۔ خوش قسمتی سے انہیں حکیم اہلِ سنت الحاج حکیم محمد موسٰی امرتسری مدظلہ العالی اور پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد دامت برکاتہم کی سرپرستی نصیب ہوئی جن کی مخلصانہ اور باصلاحیت قیادت میں یہ قافلہ اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہے۔ جامعہ نظامیہ رضویہ کا شعبہ تصنیف و تالیف بھی اس سلسلے میں گرانقدر خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

تنظیم المدارس (اہلِ سُنّت) پاکستان کی شکل میں مدارس اہلِ سنت، ایک لڑی میں پرو دیئے گئے۔ مجسمہ ایثار و محنت استاذ العلماء حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی دامت برکاتہم العالیہ، ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس کی سعی پیہم سے کراچی سے لے کر خیبر اور کوئٹہ سے لے کر مظفر آباد و کشمیر تک کے سنّی مدارس باہم متعارف ہوئے، اور طلباء اہلِ سنت میں جذبۂ محنت اور تحقیق و تدقیق کا ذوق پیدا کر دیا گیا اس طرح اب تک مختلف علمی موضوعات پر مقالات کا ایک گراں قدر ذخیرہ تنظیم کے مرکزی دفتر میں جمع ہو گیا۔

قیامِ تنظیم المدارس کے دوسرے سال مجلس شوریٰ کے فیصلہ کے مطابق درجہ حدیث کے طلباء کو مقالات کے لیے مختلف موضوعات دیئے گئے جن میں دو اہم تاریخی موضوعات "تعارف علماء اہلِ سنّت" اور "تعارف تصانیف علماء اہلِ سنت" کو بھی شامل کر دیا گیا۔ تاکہ علماء اہلِ سنّت کی علمی و

تحقیقی نیز سیاسی وملی خدمات تحریری صورت میں مستقبل کے مسلمان کے لیے خضرِ راہ ثابت ہوں اور مخالفین کے جھوٹے پروپیگنڈہ کے تار و پود بکھیر کر رکھ دیئے جائیں۔ دار العلوم جامعہ نظامیہ رضویہ کے اس وقت کے شیخ الحدیث علامہ حسین الدین ہاشمی مدظلہ العالی نے اول الذکر موضوع راقم کے ذمہ اور مؤخر الذکر فاضل نوجوان مولانا عبد الستار قادری کے سپرد فرمایا۔ "تعارف علماء اہل سنت"، تقریباً ایک سو پانچ علماء کے حالات پر مشتمل، طبع ہو چکی ہے جسے علامہ مولانا محمد عبد الحکیم شرف قادری مدظلہ العالی نے نہ صرف یہ کہ اپنی سرپرستی اور راہنمائی کے تحت مرتب کروایا بلکہ زرِ کثیر صرف کر کے مکتبہ قادریہ کی طرف سے طباعت کے ذریعہ راقم کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ فجزاہ اللہ احسن الجزاء۔ علماء اہلِ سنت کی تصانیف کی فہرست ایک ایسا اہم اور کٹھن کام تھا جس کے لیے شب و روز کی جہدِ مسلسل اور عرق ریزی ازبس لازمی تھی۔ مولانا عبد الستار قادری نے دن رات ایک کر کے مختلف ذرائع سے تحقیق کے بعد تصانیف اہلِ سنت کی ایک گراں قدر فہرست "مرآۃ التصانیف" کے نام سے مرتب کی۔

مولانا عبد الستار قادری کا تعارفی خاکہ یوں ہے کہ آپ ضلع راولپنڈی کے ایک گاؤں گنگا نوالہ میں ۱۱؍ اکتوبر ۱۹۴۹ء کو جناب شیر دل بن جعفر خان نمبردار (م ۱۹۷۵) کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم ناظرہ قرآن پاک اور پرائمری تک اُردو کی تحصیل اپنے آبائی گاؤں سے کی اور پھر حفظ قرآن کی لازوال دولت سے مالا مال ہونے کے لیے مدرسہ اعجاز القرآن جامع مسجد ٹھیکیداراں ڈھوک رتہ راولپنڈی میں داخل ہو کر حافظ محمد یوسف[1] مرحوم کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا اور اس طرح ۱۹۶۵ء میں حفظ قرآن پاک مکمل کیا۔ ۱۹۶۹ء میں ڈی سی ہائی سکول موضع چکری ضلع راولپنڈی سے مڈل کا امتحان پاس کیا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا کام لینا تھا اس لیے آپ نے اپنی تمام تر توجہ علوم اسلامیہ کی طرف مبذول کرتے ہوئے سکول سے انقطاع کر کے دار العلوم جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں داخلہ لے لیا جہاں مختلف اساتذہ بالخصوص مولانا گل احمد عتیقی سے شرفِ تلمذ حاصل کرتے ہوئے فارسی مکمل اور صرف و نحو کی ابتدائی کتب پڑھیں۔ ۱۹۷۲ء میں دار العلوم احسن المدارس راولپنڈی میں داخل ہو کر مولانا محمد سلیمان چشتی رضوی سے موقوف علیہ کی تکمیل کی اور اسی دوران ۱۹۷۴ء میں سرگودھا بورڈ سے پرائیویٹ طور پر میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۷۵ء میں مولانا موصوف نے جامعہ نظامیہ رضویہ میں دوبارہ داخل ہو کر دورہ حدیث کے بعد جامعہ اور تنظیم المدارس کی سندات حاصل کیں۔ جن قابل قدر اساتذہ سے آپ نے تحصیل علم کیا۔ ان میں مذکورہ بالا علماء کے علاوہ درج ذیل اساتذہ کرام کے اسماء گرامی شامل ہیں۔

۱۔ شیخ الحدیث علامہ مولانا مہر الدین جماعتی لاہور۔
۲۔ استاذ العلماء علامہ مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی لاہور
۳۔ علامہ مولانا محمد عبد الحکیم شرف قادری لاہور۔
۴۔ شیخ الفقہ علامہ مولانا حسن الدین ہاشمی بہاولپور۔
۵۔ فاضل نوجوان علامہ مولانا محمد رشید نقشبندی لاہور۔

---

[1] زینت العابدین مولانا حافظ محمد یوسف قادری موضع دریا شریف ضلع اٹک میں پیدا ہوئے بچپن میں ہی قرآن مجید حفظ کیا اور علوم دینیہ کی دولت سے بہرہ ور ہونے کے بعد تبلیغ دین اور خدمت قرآن کے لیے زندگی وقف کر دی۔ آپ ایک متقی، شب بیدار اور کثیر التلاوت بزرگ تھے۔ طلبہ کو پڑھانے کے ساتھ نوافل اور اوراد و وظائف کے بھی انتہائی پابند تھے۔ کثرت سے روزے رکھتے تھے۔ ہر جمعرات بعد از نماز عشاء دو رکعت نفل میں دس پارے منزل پڑھتے اور رمضان المبارک کے نصف اول میں تراویح کے بعد ہر روز دس پارے اور نصف ثانی میں ہر روز ۱۵ پارے نفلوں میں پڑھتے۔ آپ نے اپنی زندگی کا کافی حصہ جامع مسجد ٹھیکیداراں راولپنڈی میں خطیب و معلم کی حیثیت سے گذارا اور ۱۹۶۹ء میں انتقال فرمایا اور مسجد کے صحن میں دفن ہوئے۔ چار صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں اولاد ہیں۔ عبد الستار قادری

مولانا عبدالستار قادری کو اللہ تعالیٰ نے تحریر و تدریس اور تقریر کی بے پناہ صلاحیتوں سے بہرہ ور فرمایا ہے۔ چنانچہ زمانہ طالب علمی سے ہی آپ خطبۂ جمعہ کے ذریعے تبلیغ کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ ۱۹۷۲ء میں چھ ماہ کے لیے جامع مسجد تاندہ گل اور دو سال ۱۹۷۲ء-۱۹۷۴ء جامع مسجد صوفی اللہ دین ڈھوک رتہ راولپنڈی میں مسند خطابت پر فائز رہے اور اب ۱۹۷۵ء سے جامعہ مسجد غوثیہ قلعہ گوجر سنگھ لاہور میں فرائض خطابت سرانجام دے رہے ہیں۔

فراغت کے بعد آپ ۱۹۷۶ء میں جامعہ نظامیہ رضویہ میں مسند تدریس پر فائز ہوئے اور اب چند برسوں سے تدریس کے علاوہ، نظامت تعلیم سے متعلقہ امور کی انجام دہی بھی آپ کے ذمہ ہے۔

تصنیف و تالیف کے سلسلہ میں مولانا عبدالستار قادری نے مرآۃ التصانیف کی ترتیب کے علاوہ، ۱۹۷۹ء میں مولانا محمد حسن جان سرہندی رحمۃ اللہ کی تصنیف لطیف "الاصول الاربعہ فی تردید الوہابیہ" کا ترجمہ کیا اور اب "دوسنی رائٹرز گلڈ" کے اراکین کی قلمی خدمات پر مشتمل ان کا تعارف لکھ رہے ہیں۔

مولانا عبدالستار قادری کو غزالی زمان حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی دامت برکاتہم العالیہ سے قادری چشتی سلسلہ میں شرف بیعت حاصل ہے۔ مورخہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۷۹ء کو راقم اور مولانا موصوف دونوں نے حضرت غزالی زماں سے ارادت و عقیدت کا شرف حاصل کیا۔

مولانا عبدالستار قادری نے تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء اور تحریک نظام مصطفےٰ ۱۹۷۷ء میں بھرپور حصہ لیا۔ نظام مصطفےٰ کے نفاذ کے سلسلہ میں جب ملک بھر کے مسلمان میدان عمل میں کود پڑے تو جامعہ نظامیہ کے دیگر اساتذہ اور طلباء کی طرح مولانا نے بھی اس پاکیزہ مشن کے لیے اپنے آپ کو وقف کیا۔ احتجاجی جلوسوں اور جلسوں میں شرکت کی حتیٰ کہ ایک موقعہ پر زخمی بھی ہوئے۔[1]

مولانا قادری ایک ذہین، محنتی، سنجیدہ اور درویش منش عالم دین ہیں۔ نوجوان فضلاء میں ایک امتیازی حیثیت کے مالک ہیں۔ اپنے مقصد سے جنون کی حد تک محبت و لگن کا جذبہ ان میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ جس کا زندہ ثبوت مرآۃ التصانیف کی ترتیب ہے جسے مولانا نے تیرھویں اور چودھویں صدی کے سنی اہل قلم کی ۵۶۳۳ تصانیف پر مشتمل ایک ضخیم فہرست کے طور پر تیار کیا۔ بلاشبہ یہ ان کی بلند ہمتی اور خلوص کا نتیجہ ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مولانا عبدالستار قادری کی دینی و ملی خدمات میں برکت پیدا فرمائے اور مرآۃ التصانیف کو شرف قبولیت سے نوازے۔ آمین بجاہ نبیہ الکریم

۱۹ اکتوبر ۱۹۸۰ء بمطابق ۹ ذی الحجہ ۱۴۰۰ھ

محمد صدیق ہزاروی

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

---

[1] محمد منشا تابش قصوری، مولانا۔ تحریک نظام مصطفےٰ اور جامعہ نظامیہ رضویہ۔ ملخصاً

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری

تقدیم

طبع اول

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہجرت سے شروع ہونے والے سن ہجری کے چودہ سو سال پورے ہو چکے ہیں، پندرہویں صدی ہجری کا آغاز ہو رہا ہے، اس موقعہ پر پوری دنیا میں سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر تقریبات منعقد کی جارہی ہیں، مختلف پروگرام پیش کیے جارہے ہیں، پاکستان کی مرکزی دینی درسگاہ جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور کی طرف سے اس مبارک موقعہ پر فرزندانِ اسلام کے لیے پیش نظر کتاب مرآۃ التصانیف مرتبہ مولانا حافظ عبدالستار قادری چشتی پیش کی جارہی ہے، اس سے پہلے موجودہ علمائے اہل سنت کا تذکرہ تعارف علمائے اہل سنت تالیف مولانا محمد صدیق ہزاروی پیش کیا جاچکا ہے، خدا کرے کہ یہ کتابیں آئندہ نسلوں کے لیے مشعل راہ ثابت ہوں اور وہ اسلاف کے درخشندہ کارناموں کی محافظ و امین ثابت ہوں۔

دین و دنیا کے بہترین ساتھیوں میں اچھی کتاب کی حیثیت مسلّم ہے، ہر دین اور ہر مذہب والوں نے کتاب کے ذریعے اپنے عقائد و افکار کی اشاعت و حفاظت کی ہے، اصحابِ فنون نے اپنی موشگافیوں کے اظہار اور تحفظ کے لیے کتاب ہی کا سہارا لیا ہے، سب سے اہم ترین اور لافانی کتاب قرآن مجید ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کی حفاظت کا وعدہ فرمایا ہے، آج بھی قرآن پاک لاکھوں فرزندانِ اسلام کے سینوں میں محفوظ ہے، دیگر کتب سماویہ اپنی اصل حالت پر محفوظ ہی نہیں ہیں کسی کو یاد کہاں سے ہوں گی، دنیا میں سب سے زیادہ چھپنے اور پڑھی جانے والی کتاب بھی قرآن حمید ہے دوسری کوئی کتاب اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

قرآن پاک کے مفردات کے معانی، احکام و مطالب، اسرار و رموز، بلاغت و اعجاز طریق ادا اور رسم الخط کو سمجھنے کے لیے متعدد علوم و فنون وضع کیے گئے، حدیث شریف کی روایت و حفاظت سے متعلق کثیر فنون کی بنیاد رکھی گئی، قرآن و حدیث سے متعلقہ فنون میں اتنی کتابیں لکھی گئیں کہ دنیا کی کوئی قوم مسلمانوں کا مقابلہ نہیں کرسکتی، دنیا کی کسی کتاب سے متعلق اتنی کتابیں نہیں لکھی گئیں جتنی قرآن و حدیث کے لیے لکھی گئی ہیں۔ کتابوں کی کثرت کے پیش نظر علماء نے فہرست سازی کی طرف توجہ کی، مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتب کی فہارس اس کثرت سے لکھی گئیں کہ ان کی فہرستیں تیار کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی۔ اس فن کے آغاز کا سہرا بھی علماء اسلام کے سر ہے۔

دوسری صدی ہجری میں ایک یورپین سیاح سفر کرتا ہوا خراسان سے گزر رہا تھا کہ اسے ایک سن رسیدہ شخص نے بتایا کہ کتب خانہ غزنی میں انجیل کی ایک ایسی شرح موجود ہے جو اور کہیں نہیں ہے۔ جب وہ سیاح کتب خانہ مذکورہ میں پہنچا تو اسے کتاب خانہ کی فہرست مرتب صورت میں پیش کی گئی جس میں سے اس نے مطلوبہ کتاب تلاش کر کے استفادہ کیا، اس سے دیگر نتائج کے علاوہ یہ نتیجہ اخذ کرنا دشوار نہیں ہے کہ دوسری صدی میں اس کتب خانہ کی باقاعدہ فہرست تھی اور کتب خانہ سے استفادہ کے لیے اس کو استعمال کیا جاتا تھا[1]

ڈاکٹر احمد شلبی نے اپنی انگریزی کتاب مسلم ایجوکیشن (MUSLIM EDUCATION) میں فن فہرست سازی اور فن کتابداری کو جس طریقے سے لکھا ہے۔ ان تفصیلات سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ فنون مسلمانوں کے ہاں قدیم زمانہ سے

[1] تفصیل کے لیے دیکھئے عبدالحی حبیبی کا مقالہ "کتابخانۂ غزنی در قرن دوم" مشمولہ مجلہ آریانا۔ کابل

بہ طور تعلیم سکھائے جاتے تھے۔

تیسری صدی ہجری میں شیخ ابومحمد احمد بن طیفور بغدادی (م ۲۸۰ھ) نے اخبار المؤلفین والمؤلفات لکھی، ان کے بعد چوتھی صدی میں ابن ندیم بغدادی ابوالفرج محمد بن اسحاق الوراق (م ۳۸۵ھ) نے فہرس العلوم لکھی[1] اس کتاب نے ابن ندیم کو آسمان شہرت کی بلندیوں پر پہنچا دیا، یہ کتاب متعدد مرتبہ چھپ چکی ہے، پاکستان میں ادارہ ثقافت اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور کی طرف سے اس کا اردو ترجمہ از محمد اسحاق بھٹی ۱۹۶۹ء میں چھپ چکا ہے۔

اس کے بعد اہل علم نے اس موضوع پر عرق ریزی کی اور تصانیف کے انبار لگا دیے۔ چند تصانیف کے نام یہ ہیں۔

- احصاء العلوم : فارابی : (م ۳۳۹ھ)
- مفاتیح العلوم : خوارزمی : (م ۳۸۷ھ)
- حدائق الانوار فی حقائق الاسرار : امام فخر الدین رازی (۶۰۶ھ)
- درۃ التاج لغرۃ دباج : علامہ قطب الدین شیرازی (م ۷۱۰ھ)
- النقایۃ واتمام الدرایۃ : علامہ جلال الدین سیوطی[2]
- اسماء المصنفات : ابوالحسن علی بن انجب البغدادی (م ۶۷۴ھ) یہ کتاب طبع نہیں ہوئی
- مفتاح السعادہ ومصباح السیادہ : عصام الدین ابوالخیر احمد بن مصطفیٰ ابن خلیل، مشہور بہ "طاش کبریٰ زادہ حنفی" (م ۹۶۸ھ) تین جلدوں میں ۱۳۸۶ھ میں نظام حیدر آباد دکن کی سرپرستی میں حیدر آباد دکن سے چھپی۔
- موضوعات العلوم، کمال الدین محمد آفندی (م ۱۰۲۶ھ) ابن شیخ احمد طاش کبریٰ زادہ ۱۳۱۳ھ میں استنبول سے چھپی۔
- معجم العلوم والحرف : از مولانا عبدالنبی ابن مولانا عبدالرسول احمد نگری، مصنف "دستور العلماء" و "جامع الغموض شرح کافیہ"، اس کتاب کی تکمیل وطباعت کا مرحلہ نہیں آسکا[3]

اس سلسلے کی نہایت اہم اور شہرہ آفاق کتاب کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون تالیف مصطفیٰ ابن عبداللہ المعروف بہ حاجی خلیفہ و کاتب چلپی (م ۱۰۶۷ھ) ہے۔ اس میں بیس ہزار کے قریب کتابوں کا ذکر ہے، اکثر کتابوں کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کئے ہیں، مصنف اور اس کا سن وفات، ابتدائی کلمات، شروح اور حواشی کا شرح وبسط سے ذکر کیا ہے اور ہر علم کی تعریف تفصیل سے بیان کی ہے۔

اس وقت کشف الظنون کا نسخہ مطبوعہ مکتبۃ المثنی، بغداد، پیش نظر ہے۔ اس کی دو جلدیں ہیں، فاضل ادیب اسماعیل پاشا بغدادی (م ۱۳۳۹ھ) نے دو جلدوں میں اس کا ذیل ایضاح المکنون فی الذیل علی کشف الظنون لکھا، اس میں ان تصانیف کا ذکر کیا جن کا اندراج اصل میں نہیں یا بعد میں لکھی گئیں، اسماعیل پاشا بغدادی نے ہی دو جلدوں میں ہدیۃ العارفین واسماء المؤلفین وآثار المصنفین لکھی جس میں مصنفین کے مختصر حالات کے ساتھ ساتھ ان کی تصانیف کا ذکر ہے، ان چھ جلدوں کا مجموعہ مکتبۃ المثنی بغداد نے شائع کیا۔

مشہور مستشرق جرمن براکلمن (BROKEL MANN) المتوفی ۱۹۵۶ء نے GESCHICHTE DER. ARABISCHEN LITTERATUR لکھی جس میں بلحاظ سنین آغاز ادب عربی سے اپنے زمانہ تک عربی مصنفین کا ضخیم معجم تیار کیا۔ مختلف موضوعات کے تحت سن وار مؤلفین وکتب کا تذکرہ

---

[1] شہاب الدین نجفی مرعشی : مقدمہ کشف الظنون، مطبوعہ مکتبۃ المثنی، بغداد، ص ب

[2] محمد شرف الدین یالتقایا : تصدیر کشف الظنون، ج ا ص ۶

[3] شہاب الدین نجفی مرعشی : مقدمہ کشف الظنون، مطبوعہ مکتبۃ المثنی بغداد، ص ب

کیا گیا ہے ۔ کتاب کا زمانہ تالیف و اشاعت ۱۸۹۸ء میں شروع ہوا اور اب تک اس کی کئی جلدیں اور ضمیمے چھپ چکے ہیں اس کا جرمن زبان سے عربی میں ترجمہ شروع ہوا تھا ۔ عبدالحلیم النجار کے ترجمہ سے صرف پانچ جلدیں اب تک چھپی ہیں ۔

بروکلمن کی پیروی میں فارسی زبان و ادب پر پروفیسر سی ۔ اے سٹوری (STOREY) کی پرشین لٹریچر PERSION LITTERATURE BAIOBLIOGRAPHICAL SURVEY اس سلسلے کی اہم ترین کڑی ہے جو موضوعات کے اعتبار سے کئی جلدوں میں چھپ چکی ہے اس کی اشاعت کا سلسلہ ۱۹۲۷ء سے اب تک جاری ہے ۔ سٹوری ہی کے کام کو بہت سے اضافوں کے ساتھ روسی زبان میں منتقل کیا گیا ۔ اب ایرانیوں نے حذف و اضافہ کے ساتھ اسی روسی ترجمہ کو فارسی میں ڈھال دیا ہے ۔ سٹوری کی پیروی میں اہل ایران نے کئی اہم کام کئے ۔ احمد منزوی کی ضخیم "فہرست نسخہ ہائے خطی فارسی" ۱۳۴۸ شمسی میں شائع ہونا شروع ہوئی اس کی ترتیب موضوعات کے اعتبار سے ہے ۔ اور اب تک اس کی چھ جلدیں چھپ چکی ہیں ۔

بروکلمن ہی کی پیروی میں کئی جگہ اور اہم کام ہوئے مثلاً ڈاکٹر زبید احمد نے صرف پاک و ہند کے علماء کی ان عربی تصانیف کی مفصل فہرست بنائی جو براکلمان کی کتاب میں نہ آسکی تھیں ، یہ فہرست پہلی مرتبہ ۱۹۴۶ء میں الہ آباد سے شائع ہوئی ، اس کے بعد ڈاکٹر محمد اسحاق نے پاک و ہند کے صرف حدیث کے لٹریچر پر ایک ضخیم مقالہ لکھ کر ڈھاکہ یونیورسٹی سے پی ۔ ایچ ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی یہ مقالہ ۱۹۵۵ء میں ڈھاکہ سے شائع ہوا ۔

اسی قسم کا ایک اہم کام ڈاکٹر محمد سالم قدوائی نے بھی کیا ہے ، جسے انہوں نے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں پیش کیا ۔ اب اُسے جامعہ ملیہ ، دہلی نے ۱۹۷۳ء میں "ہندوستانی مفسرین اور ان کی عربی تفسیریں" کے نام سے شائع کر دیا ہے ۔

کشف الظنون کے بعد ایک اور مفید ترین کتاب معجم المؤلفین ، تراجم مصنفی الکتب العربیہ دمشق کے مشہور فاضل عمر رضا کحالہ نے لکھی ، ابتداً مختصر طور پر نام و نسب ، ولادت و وفات اور علمی مقام کا ذکر کیا ہے ، آخر میں ان کتابوں اور رسالوں کا بالتفصیل ذکر کیا ہے جن میں اس مصنف کا ذکر ملتا ہے ، ماٰخذ کی فہرست میں عربی اور انگریزی کی مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتابوں کی جلد اور صفحہ نمبر کا حوالہ دیا ہے ، اگر کسی مصنف کا ایک ہی کتاب میں متعدد جگہ ذکر ہے تو صفحہ وار تمام مقامات کا حوالہ دیا ہے ، مثلاً بعض مصنفین کے حالات کے ضمن میں کشف الظنون اور ہدیۃ العارفین کے بیسیوں صفحات کا حوالہ ملے گا ، کتاب کے مطالعہ سے فاضل مؤلف کی حیرت انگیز محنت اور وسعت معلومات کا اندازہ ہوتا ہے ، تذکرہ و تاریخ کے موضوع پر کام کرنے والوں کے لیے یہ بیش بہا خزانہ ہے ، یہ کتاب پندرہ جلدوں میں مکتبۃ المثنی ، بیروت میں چھپی ہے ، آخری دو جلدوں میں مصنفین کے القاب ، کنیتوں ، علاقائی نسبتوں وغیرہ کی فہرست ہے ، اور بتایا ہے کہ انکا ذکر فلاں جلد کے فلاں صفحہ پر ہے ، اس طرح تلاش کرنے میں بہت ہی سہولت پیدا ہو گئی ہے ۔

دمشق کے ایک اور فاضل یوسف الیان سرکیس دمشقی نے معجم المطبوعات العربیہ و المعربیہ لکھی ۔ اس میں تقریباً ہر کتاب کے مختلف نسخوں اور ایڈیشنوں کی وضاحت ہے اور یہ بھی بتایا ہے کہ اس کا پہلا ایڈیشن کب اور کس جگہ چھپا تھا ، اس میں ہندوستان کے علماء کا ذکر بھی ملتا ہے ، مصنف نے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی بعض تصانیف کا بھی ذکر کیا ہے ۔

اس کے علاوہ ایران میں وسیع پیمانے پر فہرست سازی کا کام ہوا ہے اور ہو رہا ہے ، ایران کی بعض بڑی بڑی لائبریریوں کی فہرستیں شائع ہو چکی ہیں ان میں سے چند اہم فہارس کا ذکر کیا جاتا ہے ۔

کتب خانہ دانشگاہ تہران کی فہرست ۱۴ جلدوں میں ، کتابخانہ مجلس ملی تہران اور کتابخانہ ملی عمومی کی فہارس چوبیس چوبیس جلدوں میں چھپ چکی ہیں ۔ اسی طرح علماء اسلام کی بیش قیمت تصانیف کی تفصیلی فہرستیں روس ، برطانیہ ، جرمنی ، فرانس ، امریکہ اور دوسرے یورپین ممالک سے کثیر تعداد میں چھپ چکی ہیں اور ہر سال شائع ہو رہی ہیں ۔

دو محققین نے ان تمام شائع شدہ فہارس کا احاطہ کرنے کی کوشش کی ہے ۔ اول بیسٹرمان (BESTERMAN) نے

(WORLD BIBLIOGRAPHY OF ORIENTAL BIBLIOGRAPHIES) لکھی اشاعت ثانی آکسفورڈ ۱۹۷۵ء اور ایران کے مشہور محقق ایرج افشار نے کتاب شناسی فہرستہای نسخہای خطی فارسی کے نام سے ممالک کے اعتبار سے فارسی فہارس کی ایک فہرست مرتب کی ہے جو ۱۹۵۸ء تک کی فہرستوں پر مشتمل ہے۔

مخطوطات کے علاوہ صرف مطبوعات کی فہارس پر بھی خاص توجہ کی گئی۔ یوسف الیان سرکیس نے معجم المطبوعات العربیہ ۱۹۱۹ء تک شائع ہونے والی عربی کتابوں کی فہرست مع مختصر تراجم مؤلفین لکھی اور شائع کی، اسی طرح بعض ایرانی فہرست سازوں مثلاً خان بابا مشار نے مؤلفین کتابہای چاپی فارسی پانچ جلدوں میں اور فہرست کتابہای چاپی فارسی بھی پانچ جلدوں میں مرتب کی، انہوں نے ہی فہرست کتابہای چاپی عربی دو جلدوں میں شائع کی۔ اس کے بعد نیشنل ببلوگرافی آف ایران کے نام سے ایران میں چھپنے والی ہر موضوع کی کتابیں اس میں شامل ہوتی رہیں۔

ایران کے دو رسالے رہنمای کتاب اور مجلہ کتابخانہ ملی تہران اور عربی مخطوطات کے بارے میں وسیع معلومات فراہم کرنے والا رسالہ مجلہ معہد المخطوطات العربیہ کے نام سے قاہرہ سے شائع ہوتا ہے، اسی طرح یورپ کے بعض رسائل کتاب شناسی کے اہم کام کے لیے مخصوص ہیں جو برابر شائع ہوتے رہتے ہیں۔

معاملہ یہیں ختم نہیں ہوتا بلکہ علوم شرقیہ کے مشہور ماہر جے۔ ڈی پیرسن (PEARSON) نے انڈیکس اسلامیکس (INDEX ISLAMICUS) کے نام سے اسلام اور اسلامی علوم سے متعلق یورپین زبانوں میں شائع ہونے والے مقالات کی موضوعات کے اعتبار سے ایک تفصیلی فہرست شائع کرنا شروع کی ہے۔ جو ۱۹۰۶ء سے لے کر ۱۹۷۵ء تک شائع شدہ مقالات پر مشتمل ہے اب تک اس کی کئی جلدیں چھپ چکی ہیں۔

افغانستان میں مخطوطات کی فہارس اگرچہ کثرت کے ساتھ مرتب اور شائع نہیں ہوئیں تاہم چند ایک قابل توجہ ہیں مثلاً بورکوی کی مرتبہ فہرست بہت مشہور ہے، اسی طرح دو ایک دیگر فہرستیں بھی شائع ہو چکی ہیں، افغانستان سے فارسی مطبوعات کی مفصل فہرست کے علاوہ پشتو کی مطبوعات کی فہرست پښتو پانگہ کے نام سے دو جلدوں میں چھپ چکی ہے۔

چونکہ پیش نظر کتاب پاک و ہند کے علماء کی تصانیف کی فہرست ہے اس لیے ان کے اسی نوعیت کے کاموں کا مختصر جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی (م ۱۰۵۲ھ) نے اپنی تصنیف تالیف قلب الالیف بذکر فہرس التوالیف کے مقدمہ[۱] میں دہلی کے مصنفین کی تصانیف کی فہرست شامل کر کے فہرست سازی کے فن کو اسلامی ہندوستان میں رائج کر دیا تھا، شیخ محقق کا یہ کام حاجی خلیفہ سے بھی پہلے کا ہے۔

مولانا محمود حسن ٹونکی (م ۱۳۶۳ھ) نے ساٹھ جلدوں میں معجم المصنفین لکھی، یہ کتاب بیس ہزار صفحات اور مشرق و مغرب کے چالیس ہزار علماء کے حالات پر مشتمل ہے، حکومت آصفیہ، حیدر آباد دکن کے خرچ پر بیروت سے اس کی چار جلدیں چھپ چکی ہیں[۲] اگر اس کتاب کی تمام جلدیں چھپ جائیں تو علمی دنیا میں پاک و ہند کے علماء کی صحیح نمائندگی ہو جائے گی۔

مولانا عبدالاول جونپوری نے مفید المفتی (مطبوعہ ۱۳۲۶ھ آسی پریس لکھنؤ) میں فقہ حنفی کی کتابوں کا تعارف کرایا ہے اور آخر میں مفسرین احناف کی ایک سو بیس تفسیروں اور مفسرین کے نام دیئے ہیں۔ مقدمہ میں سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لے کر اپنے زمانے تک کے علماء احناف کا

---

۱ اس مقدمہ کو حکیم شمس اللہ قادری نے تذکرہ مصنفین دہلی کے نام سے مرتب کر کے الگ شائع کر دیا تھا۔

۲ عبدالحی حسنی وابنہ ابوالحسن علی ندوی: نزہۃ الخواطر (مطبوعہ نور محمد، کراچی) ج ۸ ص ۴۶۵

مختصر تذکرہ کیا ہے۔ ان کی ایک دوسری تصنیف وفیات المشاہیر مطبع جادہ پریس جونپور سے شائع ہوئی۔

اسی طرح حکیم عبدالحی حسنی نے الثقافۃ الاسلامیۃ فی الہند میں پاک وہند کے علماء کی تصانیف کی مختصر فہرست موضوعات کے اعتبار سے دی ہے۔ مصنفین کے مفصل حالات اپنی دوسری تالیف نزہتہ الخواطر (آٹھ جلد) میں دیئے ہیں (مؤلف چونکہ اہل حدیث ہیں اس لیے علماء احناف کے ساتھ جا بجا تعصب کا اظہار کیا ہے)

ڈاکٹر زبید احمد، ڈاکٹر محمد اسحاق اور ڈاکٹر محمد سالم قدوائی کے کام کا ذکر گزشتہ صفحات میں کیا جا چکا ہے۔

ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری نے ۱۳۲۷ھ/ ۱۹۰۹ء تک کی امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ کی ساڑھے تین سو تصانیف کی فہرست المجمل المعدد لتالیفات المجدد کے نام سے ترتیب دی جس کے کئی ایڈیشن مرکزی مجلس رضا لاہور کی طرف سے چھپ چکے ہیں، المیزان، بمبئی، امام احمد رضا نمبر میں یہ فہرست ساڑھے چھ سو تک پہنچ گئی ہے۔ مرزا سجاد بیگ دہلوی پروفیسر نظام کالج، حیدر آباد دکن نے الفہرست ترتیب دی جو ۱۹۲۳ء میں طبع ہوئی اس میں سات ہزار کتابوں کی فہرست دی گئی ہے۔

دارالطباعت، حیدر آباد دکن نے تین جلدوں میں فہرست مطبوعات کتب خانہ ادارۂ ادبیات اُردو شائع کی، پہلی جلد مولوی غلام رسول اور مولوی محمد اکبر الدین صدیقی کی مرتب ہے۔ ۱۹۵۶ء میں چھپی، آخری دو جلدیں مولوی محمد اکبر الدین صدیقی کی مرتب ہیں اور بالترتیب ۱۹۵۹ء اور ۱۹۶۳ء میں شائع ہوئیں ۱۹۶۷ء میں بہادر یار جنگ اکادمی، کراچی نے ایک فہرست مملکت حیدر آباد، ایک علمی، ادبی اور ثقافتی تذکرہ کے نام سے شائع کی جس میں تقریباً ۲۳ ہزار ان کتابوں کی فہرست ہے جو حیدر آباد میں یا حکومت حیدر آباد کی سرپرستی سے شائع ہوئیں۔

جدید سائنسی دور میں انگریزوں نے بھی ان آثار کی فہرست سازی کی طرف خاص توجہ کی، کرنل سٹیوارٹ نے ۱۸۰۹ء میں ٹیپو سلطان کے کتب خانہ کی مفصل فہرست مرتب کی، بیسٹرمان نے فہرس الفہارس میں ہندوستان اور پاکستان سے شائع ہونے والی مخطوطات کی فہرستوں کا مستقل ابواب کے تحت احاطہ کرنے کی کوشش کی ہے، ان میں سے چند مشہور فہارس درج ذیل ہیں۔

(۱) کتابخانہ اورنٹیل پنجاب لائبریری بانکی پور پٹنہ کی مفصل فہرست، جسے مولوی عبدالمقتدر، مولوی عبدالحمید اور مولوی عظیم الدین نے انگریزی زبان میں مرتب کیا، یہ عربی اور فارسی کے مخطوطات پر مشتمل ہے اور اس وقت تک اس کی متعدد جلدیں چھپ چکی ہیں۔

(۲) ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے مخطوطات کی وضاحتی فہرست مرتبہ ایوانو، اس کتب خانے کی فہرستیں دیگر اصحاب نے بھی مرتب کی ہیں۔

